## پشتے توڑ کر سیلاب سے سینکڑوں گاؤں گوٹھوں کو ڈبونے اور انسانیت کے خلاف جرم کے مرتکب ہونے والے جاگیرداروں، وڈیروں اور بااثر افراد کے خلاف کارروائی کیلئے قانون کو فی الفور حرکت میں لایا جائے

## ارباب اختیار اور سپریم کورٹ سمیت تمام اعلیٰ عدالتوں سے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی اپیل

## جاگیرداروں وڈیروں کا یہ عمل وحشت و بربریت، درندگی اور انسانیت پر بدترین ظلم ہے۔ یہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق انسانیت کے خلاف جرم اور نسل کشی کے زمرے میں آتا ہے

## اگر ان افراد کے خلاف فوری کارروائی نہ کی گئی تو غریب ومظلوم عوام سے یہ اپیل کرنے میں حق بجانب ہوں گے کہ وہ پشتے اور بند توڑنے والے ان جاگیرداروں اور وڈیروں کی جاگیروں اور محلات پر قبضے کرلیں

## سیلاب زدگان کی امداد اور بحالی کیلئے ملک کے تمام سابقہ بلدیاتی نمائندوں کو کم از کم ایک سال یا دو سال کیلئے بحال کیا جائے

## ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور شعبہ جات کے اراکین کے ہنگامی اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔15 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام بااثر اداروں کے بڑے بڑے عہدوں پر فائز اعلیٰ شخصیات اور سپریم کورٹ سمیت تمام اعلیٰ عدالتوں سے اپیل کی ہے کہ پشتے توڑ کر سیلاب سے سینکڑوں گاؤں گوٹھوں کو ڈبونے اور انسانیت کے خلاف جرم کے مرتکب ہونے والے جاگیرداروں، وڈیروں اور بااثر افراد کے خلاف کارروائی کیلئے قانون کو فی الفور حرکت میں لایا جائے۔انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، چاروں صوبوں کے گورنرز اور وزرائے اعلیٰ سے پرزور مطالبہ کیا کہ سیلاب زدگان کی خبرگیری، دیکھ بھال ، امداد اور بحالی کیلئے پورے ملک کے تمام سابقہ بلدیاتی نمائندوں کو کم از کم ایک سال یا دو سال کیلئے بحال کرنے کا اعلان کیا جائے تاکہ یہ سٹی وڈسٹرکٹ ناظمین، ٹاؤن ناظمین، تعلقہ ناظمین، یوسی ناظمین ، تمام نائب ناظمین اور کونسلرز اپنے اپنے علاقوں میں پھیل کر متاثرین کی مدد کریں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور شعبہ جات کے اراکین کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک نازک صورتحال سے گزر رہا ہے، معاشی صورتحال تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے، بلوچستان اور دیگر صوبوں، فاٹا اور قبائلی علاقوں کی صورتحال انتہائی نازک ہے۔ ایک طرف تو ملک مہنگائی، بیروزگاری اور دیگر ان گنت مسائل کا شکار ہے تو دوسری طرف پورا ملک سیلاب کی لپیٹ میں ہے، کروڑوں لوگ سیلاب کی وجہ سے کہیں کھلے آسمان تلے اور کہیں کیمپوں اور اسکولوں کی ٹوٹی پھوٹی عمارتوں میں پناہ لئے ہوئے ہیں، وہ بھوک وافلاس سے دوچار ہیں اور خوراک کی عدم دستیابی کی وجہ سے معصوم بچے بچیوں اور بزرگوں کی ہلاکتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن اور دیگر فلاحی ادارے، فنکار، طلبہ وطالبات اور فنون لطیفہ سے تعلق رکھنے والے باضمیر افراد اپنی اپنی بساط کے مطابق سیلاب زدگان کی امداد کر رہے ہیں جبکہ بدقسمتی سے بڑی بڑی سیاسی جماعتوں کے رہنما اور ارکان پارلیمنٹ ان متاثرین کی خبرگیری نہیں کر رہے ہیں، ارباب اختیار اور دیگر ذمہ دار ادارے اپنی ذمہ داریوں اور قومی فرائض سے غفلت برت رہے ہیں، وہ یا تو سرے سے غائب ہیں یا صرف فوٹو سیشن کر کے خانہ پری کر رہے ہیں۔ عوام پر اتنا ظلم ڈھایا گیا ہے اور ڈھایا جا رہا ہے اور ڈیڑھ ماہ سے زیادہ کا عرصہ ہو چکا ہے لیکن بہت سے سیلاب زدہ علاقوں کے بہت سے سینیٹرز اور ارکان قومی وصوبائی اسمبلی متاثرین کی خبرگیری کیلئے آج تک ان علاقوں میں نہیں پہنچے ہیں اور پارلیمنٹ سمیت تمام ذمہ دار ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس سیلاب کے موقع پر بڑے بڑے وڈیروں، جاگیرداروں، سرداروں اور بااثر افراد نے اپنی اپنی جاگیریں، زمینیں، فصلیں، محلات اور فارم ہاؤسز بچانے کیلئے کہیں پشتے اور بند باندھے اور کہیں اپنی جاگیر بچانے کیلئے دریاؤں کے دائیں اور بائیں جانب پشتے اور بند توڑے اور کٹ لگا کر سیلاب کا رخ غریبوں کے شہروں، دیہاتوں اور گاؤں گوٹھوں کی طرف موڑ دیا جس سے سینکڑوں شہر اور دیہات ڈوب گئے۔ انہوں نے ہزاروں معصوم وبے گناہ عورتوں، بچوں، بچیوں، نوجوان اور بزرگوں کو موت کی نیند سلا دیا، جو بچ گئے وہ کروڑوں لوگ آج تک دربدر ہیں اور کھلے آسمان تلے پڑے ہیں۔ جاگیرداروں وڈیروں کا یہ عمل وحشت و بربریت، درندگی اور انسانیت پر بدترین ظلم ہے۔ یہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق انسانیت کے خلاف جرم اور نسل کشی کے زمرے میں آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سپریم کورٹ، چاروں صوبوں کے ہائیکورٹس کے چیف جسٹس صاحبان اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کے بڑے عہدوں پر فائز شخصیات اور ارباب اختیار سے سوال کرتا ہوں کہ اپنی اپنی جاگیریں بچانے کیلئے پشتے اور بند توڑنے والے، کٹ لگانے والے اور انسانوں کی نسل کشی کرنے والے آج تک قانون کی گرفت سے آزاد کیوں ہیں؟ کیا لاکھوں مسلمانوں کی جانوں کی قربانیوں سے حاصل کیا جانیوالا قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال کا یہ پاکستان اسلئے بنا تھا کہ یہاں احتساب ہو تو صرف

غریبوں کا ہو؟انہوں نے تمام بااثر اداروں کے بڑے بڑے عہدوں پر فائز اعلیٰ شخصیات اور سپریم کورٹ سمیت تمام اعلیٰ عدالتوں سے اپیل کی کہ پشتے توڑ کر سیلاب سے سینکڑوں گاؤں گوٹھوں کو ڈبونے اور انسانیت کے خلاف جرم کے مرتکب ہونے والے جاگیرداروں ، وڈیروں اور بااثر افراد کے خلاف کارروائی کیلئے قانون کو فی الفور حرکت میں لایا جائے ۔ اگر ان افراد کے خلاف فوری کارروائی نہ کی گئی اور مظلوم عوام کو انصاف فراہم نہ کیا گیا تو ایم کیو ایم اور الطاف حسین ان غریب ومظلوم عوام سے یہ اپیل کرنے میں حق بجانب ہوں گے کہ وہ اٹھ کھڑے ہوں اور پشتے اور بند توڑ کرانکے گاؤں گوٹھوں کو ڈبونے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کی جاگیروں اور محلات پر قبضے کرلیں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پورا ملک سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکار ہے اور متاثرہ عوام کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، لہٰذا میں صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، چاروں صوبوں کے گورنرز اور وزرائے اعلیٰ سے پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ سیلاب زدگان کی خبرگیری، دیکھ بھال، امداد اور بحالی کیلئے پورے ملک کے تمام سابقہ بلدیاتی نمائندوں کو کم ازکم ایک سال یا دو سال کیلئے بحال کرنے کا اعلان کیا جائے تاکہ ملک بھر کے یہ 88 ہزار سابقہ بلدیاتی نمائندے جن میں سٹی وڈسٹرکٹ ناظمین، ٹاؤن ناظمین، تعلقہ ناظمین، یوسی ناظمین، تمام نائب ناظمین اور کونسلرز شامل ہیں اپنے اپنے علاقوں میں پھیل کر متاثرین کی مدد کریں ۔ اجلاس میں موجود تمام ارکان نے جناب الطاف حسین کے اس مطالبہ کی بھرپور تائید کی ۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، وزراء، مشیروں، سابق بلدیاتی نمائندوں اور ایم کیو ایم کے تمام شعبہ جات اور ونگز کے ارکان اور پورے پاکستان میں موجود تمام زونوں، سیکٹروں، یونٹوں اور اضلاع کے کارکنوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کوئی سیلاب زدگان کی مدد کرے نہ کرے لیکن آپ اپنی اپنی بساط کے مطابق سیلاب زدگان کی جتنی ممکن ہو مدد کرتے رہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر عطا کرے گا۔

## ایم کیو ایم نے سینیٹ کی خالی نشست کیلئے مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔15 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ نے سینٹ کی خالی نشست کیلئے مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار چوہدری ساجد علی کی حمایت کا اعلان کردیا ہے ۔ یہ نشست مسلم لیگ فنکشنل کے کے سینٹر عبدالرزاق تھیم کے انتقال کے باعث خالی ہوئی تھی ۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے سینیٹ کی خالی نشست کیلئے مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار چوہدری ساجد علی کی حمایت کا اعلان کیا ہے ۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی ک فیصلے کی توثیق کردی ہے ۔

## ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی 57ویں سالگرہ جمعہ کوانتہائی سادگی سے منائی جائے گی، رابطہ کمیٹی
## اس موقع پر مستحقین کیلئے خون کے عطیات جمع کئے جائیں گے، اسپتالوں وجیلوں میں کھانا، پھل اور پھول تقسیم ہونگے

کراچی۔۔15 ستمبر 2010ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 57ویں سالگرہ جمعۃ المبارک کو بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصانات کے باعث انتہائی سادگی اور تجدید عہد وفا کے طور پر منائی جائے گی اور مستحقین کیلئے کراچی میں خون کے عطیات دیئے جائیں گے ۔ اس سلسلے میں مرکزی کیمپ نائن عزیز آباد میں لگایا جائے گا جہاں رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سینٹرز ودیگر ذمہ داران وکارکنان بڑی تعداد میں خون کے عطیات دیں گے ۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی وحق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے ارکان، ذمہ داران وکارکنان جناح گراؤنڈ میں یادگار شہدائے حق پر حاضری دیں گے اور شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کریں گے ۔ اس کے علاوہ اسپتالوں میں مریضوں اور جیلوں میں اسیران کیلئے کھانا، پھل اور پھول بھیجے جائیں گے ۔

## ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن حبیب الرحمٰن کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔15 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن حبیب الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر تلقین کی اور کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو

ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا ۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی کا ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن حبیب الرحمٰن کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔15 ستمبر 2010ء

ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن حبیب الرحمٰن علالت کے باعث انتقال کرگئے ۔انکی عمر 63 سال تھی مرحوم کے سوگوار لواحقین میں بیوہ، ایک بیٹا اور ایک بیٹی شامل ہیں۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن حبیب الرحمٰن کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ ملک بھر میں پھیل چکا ہے، عبدالحسیب
## حلقہ 94ء کی نشست پر ضمنی الیکشن کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے صوبائی وزیر، ودیگر کا خطاب

کراچی۔۔۔15، اگست 2010ء

حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ ملک پھیل چکا ہے جو کہ جلد ہی ملک کی مظلوم و محکوم عوام میں انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔جاگیردارانہ نظام نے 63 سالوں سے ملک کے عوام غربت، بھوک، افلاس کے سوا کچھ نہیں دیا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ 94ء کی نشست پر ضمنی الیکشن کے سلسلے میں یونٹ مخدومیہ اسکول میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، رکن سندھ اسمبلی منظر امام، ایم کیو ایم کی جانب سے نامزد کردہ اُمیدوار سیف الدین خالد سمیت علاقائی یونٹس، سیکٹر کے ذمہ داران و کارکنان سمیت عوام کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے نظریہ کی سچائی ہے کہ آج الحمدللہ تمام مکتبِ فکر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی آنیوالی نسلوں کی بقاء و سلامتی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد و منظّم ہو کر جدوجہد کر رہے ہیں اور ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جو 98ء فیصد غریب و مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد کر رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج ایم کیو ایم کے حق پرست نمائندے عوام کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کیلئے شبانہ روز مصروفِ عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات کے سلسلے میں عملی طور پر آپ کو اپنا اہم کردار ادا کرنا ہوگا اور ایم کیو ایم کی جانب سے نامزد کردہ اُمیدوار کو ووٹ دیکر کامیاب کرانا ہوگا۔اس موقع پر رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی خدمت یقین رکھنے والی واحد جماعت جو عوام کی بلاامتیاز رنگ و نسل زبان خدمت کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ 22 ستمبر کا دن مظلوم و غریب کیلئے نئی صبح کا آغاز ہوگا اور حق و باطل کے معرکے میں کامیابی حق کو ہی نصیب ہوگی اور وہ دن دور نہیں جب ملک میں مظلوموں حکمرانی قائم ہوگی۔اس دوران رکن سندھ اسمبلی منظر امام کارنر میٹنگ سے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے عوام کی خدمت کے دعویٰ نہیں کرتے بلکہ عملی طور پر عوام کے مسائل کے حل کیلئے شبانہ روز کوشاں ہیں انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ انتخابات کے روز ایم کیو ایم کے نامزد کردہ کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور اپنے حق پرست ہونے کا ثبوت دیں۔کارنر میٹنگ سے ایم کیو ایم کے نامزد کردہ اُمیدوار سیف الدین خالد نے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ملک مظلوم عوام کا انقلاب لانا چاہتی جس کیلئے ہمیں اور آپ کو ملکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ ملکر جدوجہد کرنی ہوگی تاکہ اس ملک سے دو فیصد جاگیردار و ذیرانہ نظام کا خاتمہ کیا جا سکے اور ملک میں پڑھے لکھے باشعور عوام کی حکمرانی قائم ہو سکے۔علاوہ ازیں عوام نے ایم کیو ایم کی جانب سے کئے جانیوالے اقدامات کو سراہتے ہوئے ضمنی انتخابات ایم کیو ایم کیساتھ تعاون کا ہر ممکن یقین دلایا۔اس موق پر رکن قومی اسمبلی اقبال قادری نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔15 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کراچی ومضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی آگرہ تاج سیکٹر یونٹ کے کارکن غلام ربانی کے بڑے بھائی احمد ربانی، کراچی ومضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ سیکٹر یونٹ تھارومینگل گوٹھ کے کارکن نواز مینگل کی والدمحترمہ گلِ خان بیگم، لیبر ڈویژن کے ایم سی یونٹ کے کمیٹی ممبر اشتیاق کی والدہ محترمہ رضیہ بیگم ،لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن شیراز کی والدمحترمہ حاجرہ بیگم، لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکن عبدالکریم کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم، گلشن اقبال سیکٹر یونٹ A-66 کے کارکن معین اقتدار حسین کے والد اقتدار حسین ہاشمی، ایلڈر رونگ ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن مختار احمد علوی کی والدہ محترمہ حشمت آراء بیگم، کراچی ومضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی سیکٹر بن قاسم یونٹ گلشن حدید کے کارکن سلیم صدیقی کے بڑے بھائی عدیل صدیقی ، پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن شریف کی والدہ محترمہ رحمت بیگم اور ایم کے ایم میر پور خاص زون یونٹ نوا کوٹ کے فنانس سیکرٹری افتخار کے والد محمد عمران لیاقت کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار کو احقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالی تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملتان زون کے زونل انچارج واراکین کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ
## متاثرین سیلاب میں امدادی سامان ودیگر بنیادی ضروریات کی اشیاء تقسیم کیں
## شجاع آباد میں ٹرین حادثے میں ہلاک ہونیوالے افراد کے گھر جا کر انکے اہلخانہ سے اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔15 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ملتان زون کے زونل انچارج کرامت شیخ واراکینِ کمیٹی نے ملتان کے علاقے شجاع آباد میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔اس دوران انہوں نے سیلابی علاقوں میں بحالی آب وتعمیر کے سلسلے میں مصروف کارکنان اورعوام سے ملاقات کی۔اس دوران انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرین سیلاب میں امدای سامان ودیگر بنیادی ضروریات کی اشیاء تقسیم کیں۔دریں اثناء ملتان زون کے زونل انچارج کرامت شیخ واراکین کمیٹی نے ملتان کے علاقے شجاع آباد میں ٹرین حادثے میں ہلاک وزخمی ہونیوالے افراد کے گھر جا کر انکے اہلخانہ سے ملاقات کی اور جاں بحق ہونیوالے افراد کی مغفرت اور زخمیوں جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعائیں کیں۔

## غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بجلی کے بلوں کے اضافی چارجز کی روک تھام کیلئے مثبت اقدام کیے جائیں، ارکان قومی اسمبلی

کراچی ۔۔15 ستمبر 2010ء

حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بجلی کے بلوں میں اضافی چارجز کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی انتظامیہ کراچی کے بیشتر علاقوں میں 7 سے 8 گھنٹے لوڈشیڈنگ اور بجلی کے بلوں میں اضافی چارجز لگائے جارہے ہیں اس سلسلے کو فوری طور پر روک کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ کے ای ایس سی انتظامیہ کی جانب سے لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کیلئے عوام سے کئے جانے والے تمام دعدے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں اور کے ای ایس سی انتظامیہ نے اپنے یقین دہانیوں کے برعکس عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے انہیں مزید ذہنی پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا معاشی حب ہے لیکن اس معاشی حب میں صنعتی وکاروباری اداروں میں بجلی کی عدم فراہمی اوراضافی چارجرز کے باعث کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں۔

## گورنر گلگت بلتستان ڈاکٹر شمع خالد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔15 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گورنر گلگت و بلتستان ڈاکٹر شمع خالد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔( آمین )

☆☆☆☆☆